رہبر معظم کی رمضان المبارک کے پہلے دن قرآن کے قاریوں، حفاظ اور اساتید سے ملاقات - 21 /Jul/ 2012

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگی میں آج سہ پہر کو رمضان المبارک اور نزول قرآن کے مہینے کے پہلے دن محفل انس با قرآن منعقد ہوئیـ قرآن مجید کی طراوت اور عطر سے یہ نورانی محفل سرشار تھیـ اس محفل میں قرآن مجید کے اساتید، قاریوں اور حفاظ نے قرآن مجید کی آیات کی تلاوت کا شرف حاصل کیا اور بعض گروپوں اور ٹیموں نے رمضان المبارک کی فضیلت اور اللہ تعالی کی مدح و ثنا اجتماعی شکل میں بھی پیش کیـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نےقرآن مجید کی اس نورانی محفل میں اپنے خطاب میں اللہ تعالی کی ہدایت اور قرآن کی معنویت پر مبنی تمدن اور معاشرے کی تشکیل کے بارے میں اسلامی جمہوریہ ایران کے دعوے کی طرف اشارہ کیا اور مغرب کے مادی اور اخلاق و معنویت سے دور اور عاری تمدن کو انسانوں کے استحصال و استثمار کا باعث قرار دیتےہوئے فرمایا: انسانی حقوق اور اخلاق کے بارے میں مغربی ممالک کےجھوٹے دعوی کا آشکار نمونہ ، میانمار میں ہزاروں مسلمانوں کے قتل عام کے مقابلے میں ان کی خاموشی ہےـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے فرمایا: مغربی تمدن نے ماضی میں بھی جہاں کہیں پاؤں رکھا ہے وہاں انھوں نے تباہی وبربادی اور انسانوں کا استحصال ہی کیا ہےـ

رہبرمعظم انقلاب اسلامی نے فرمایا: عزت و عظمت ، معنوی و مادی پیشرفت و ترقیاچھا و نیک اخلاق ، دشمنوں پرغلبہ ، قرآنی معارف و تعلیمات پرعمل کرنے کے ذریعہ ہی حاصل ہوگاـ

رہبرمعظم انقلاب اسلامی نےمسلمان قوموں کی بیداری کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: اگرمسلمان قومیں وحی الہی، معنویت اور اخلاق پر مبنی تمدن اور معاشرہ تشکیل دے سکیں تو اسسے انسان کو سعادت حاصل ہوگیـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے عقل و جذبہ کی ترکیب کو قرآن مجید کے ساتھ انس و لگاؤ میں بہت ہی مفید اور سود مند قراردیتے ہوئے فرمایا: جب قرآن مجید کے عقلی عقائد، محبت کے ساتھ مخلوط ہوجائیں تو اس وقت قرآن مجید پر عمل کی راہہموار اور اس کے نتیجے میں اسلامی معاشرے کی توفیقات روز افزوں ہوجائے گیـ

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے ملک میں انس با قرآن کی تحریک بالخصوص جوانوں میں اس کےفروغ پرخوشی و مسرت کا اظہار کیا اور قرآن مجید کے معانی و مفاہیم میں غورو فکر اور اس پر عمل کرنے کے سلسلے میں تاکید کیـ